فوری ریلیز کے لیے: 20/12/2022 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL کا 10$ ملین کی لاگت کے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام کے حصے کے طور پر ریورہیڈ کے لیے تبدل و تغیر کے پروجیکٹس کا اعلان

ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے آٹھ پروجیکٹس سڑکی مناظر اور عوامی اجتماعی مقامات کو فروغ، فنون اور ثقافتی سرگرمی میں توسیع سمیت رہائشی اور کاروباری مواقع میں اضافہ کرتے ہیں

منصوبے کے خاکے یہاں دستیاب ہیں

گورنر Kathy Hochul نے آج 10$ ملین لاگت کی ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کی اقدامی تفویض کے حصے کے طور پر ریورہیڈ ٹاؤن میں تبدل و تغیر کے آٹھ پروجیکٹس کا اعلان کیا ہے۔ ان تفویضات کے ذریعے گلیوں کے مناظر اور عوامی مقامات کو فروغ حاصل ہو گا، فنون اور ثقافتی سرگرمی میں توسیع ہو گی اور رہائشی اور کاروباری مواقع میں اضافہ ہو گا۔

"ہم لانگ آئیلینڈ کے احیائے نو کے لیے پُرعزم ہیں، اور یہ سرمایہ کاریاں مزید چلنے کے قابل، متحرک ڈاؤن ٹاؤن قائم کریں گی جس سے نیو یارک کی ان نسلوں کو فائدہ پہنچے گا جو ریورہیڈ کو اپنا گھر کہتے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ان پروجیکٹس سے عوامی مقامات کو فروغ حاصل ہو گا اور مزید سستی رہائش کے مواقع تخلیق ہوں گے، اور میری انتظامیہ تبدل و تغیر کے ان پروجیکٹس کو ترجیح دینا جاری رکھے گی جو نیو یارک بھر کی کمیونٹیز کو مستحکم بنائیں گے۔"

ریورہیڈ ٹاؤن لانگ آئیلینڈ کے مشرقی کنارے پر شمالی اور جنوبی شاخوں کے ملاپ پر واقع ہے؛ پیکونک دریا کے دہانے پر واقع اس کا مقام ساحلوں اور دیگر قدرتی وسائل تک رسائی فراہم کرتا ہے۔ مغرب سے آگے کی کمیونٹیز کے برخلاف، ٹاؤن کا علاقہ زیادہ تر دیہی اور زرعی ہے اور یہ شراب کی پیداوار میں ریاست کے تیزی سے ترقی پاتے ہوئے خطوں میں سے ایک بن چکا ہے۔ ریورہیڈ کی DRI تفویضات موجودہ اور نئی سرمایہ کاریوں کو باہم یکجا کریں گی تاکہ ڈاؤن ٹاؤن کے علاقے کے اندر اور ڈاؤن ٹاؤن اور ساحلی کنارے کے درمیان بہتر ربط سازی کی حامل ایک محفوظ، پیدل چلنے میں سہل کمیونٹی تخلیق کی جا سکے۔

یہ سرمایہ کاریاں لانگ آئیلینڈ کی معیشت کے احیائے نو اور مزید مواقع کی تخلیق کی خاطر گورنر کی جاری کوششوں کا حصہ ہیں۔ DRI کی قیادت ڈپارٹمنٹ آف سٹیٹ کرتا ہے، اور جوں جوں ہر حصہ لینے والی کمیونٹی ایسے مخصوص پروجیکٹس کی نشاندہی کرنے کے لئے سٹریٹجک انویسٹمنٹ پلان تیار کرتی ہے جن میں ڈاؤن ٹاؤن علاقے کے احیاء و تعمیر کے لیے منفرد وژن ہو تو DRI انہیں تکنیکی مدد فراہم کرتا ہے۔

DRI کے ذریعے فنڈ کیے جانے والے خصوصی پروجیکٹس کمیونٹی کے سٹریٹیجک سرمایہ کاری کے منصوبے میں شامل کئی اہداف اور حکمت عملیوں کی معاونت کرتے ہیں، مثلاً گلیوں کے مناظر اور عوامی اجتماعی مقامات کا فروغ، فنون اور ثقافتی سرگرمی میں توسیع، اور رہائشی و کاروباری مواقع میں اضافہ کرنا۔ جیسے جیسے بحالی نو کا عمل آگے بڑھے گا اور رفتار پکڑے گا، تو DRI کے ذریعے ان پروجیکٹس میں 9.7$ ملین کی ریاستی سرمایہ کاری سرکاری اور نجی شعبے کی اضافی سرمایہ کاریوں میں مدد فراہم کرے گی۔

منصوبوں میں شامل ہیں:

<u>گلیوں کے مناظر اور عوامی اجتماعی مقامات میں توسیع</u>

نئے ٹاؤن سکوائر کی تعمیر - DRI تفویض: $3,240,000
ایک نئے عوامی پلازہ اور اجتماعی مقام کی تعمیر، جس سے مین سٹریٹ سے لے کر ساحلی کنارے تک سال بھر کی سرگرمیوں میں سہولت پیدا ہونے کے ساتھ قابل رسائی پیدل گزرگاہیں اور درختوں کا منظر تخلیق ہو سکے۔

مطابقت پذیر کھیل کے میدان کے ذریعے پیکونک پارک میں توسیع - DRI تفویض: $245,000
پانی کی خصوصیت اور تعلیمی سرگرمیوں کے حامل ایک کھیل کے میدان اور پارک والی جگہ کی تعمیر جو ساحلی کنارے کے مقام سے مطابقت رکھتی ہو اور سرسبز بنیادی ڈھانچے اور ڈیزائن کو استعمال میں لاتے ہوئے ڈاؤن ٹاؤن کی لچک کی کوششوں میں معاونت دے۔

مین سٹریٹ کے ساتھ پیدلی احاطے میں توسیع - DRI تفویض: $750,000
ٹریفک کو خاموش کرنے والے ڈیزائن کے اجزاء کی تنصیب تاکہ مین سٹریٹ کے ساتھ دو اہم چوراہوں، بشمول مزاحمتی بمپ آؤٹس، ابھرے ہوئے کراس واکس، اور پیدل چلنے والوں کے لیے اشاروں کی تنصیب والے مقام پر پیدلی راستے کی حفاظت میں بہتری لائی جائے۔ سٹریٹس میں نئے درخت لگانا اور ان کے منظر کو دلفریب بنانا۔

ایک نئے ٹاؤن روئنگ مرکز کی تعمیر - DRI تفویض: $250,000
پیکونک دریا میں ایک متحرک ADA کی قابلِ رسائی کمیونٹی بوٹ لانچ سہولت گاہ کی تعمیر، جس میں چلانے اور لانچ کے بیڑے کی کشتیوں کے لیے جگہ بنی ہوئی ہو اور، اگر ممکن ہو، تو بیڑے میں موجود کشتیوں کی حفاظت کے لیے ریکس بھی ہوں۔

<u>توسیع شدہ فنون اور ثقافتی سرگرمی۔</u>

عوامی فنون کے پروگرام کا نفاذ - DRI تفویض: $250,000
ڈاؤن ٹاؤن ریورہیڈ میں مستقل عوامی فن پاروں کی تخلیق میں مقامی فنکاروں کو مشغول رکھنا، جو موجودہ کمیونٹی کے فن پاروں کی کامیابی کی بنیاد بنے۔

سافک تھیٹر کی آرائش و توسیع - DRI تفویض: $2,000,000
موجودہ، تاریخی تھیٹر کے سٹیج کی آرائش و توسیع اور گرین روم اور گھر کے عقبی حصے کے افعال کو نسبتاً بڑی تعمیر کا حصہ بنانا، جس میں افرادی قوت کی رہائش کے لیے رہائشی یونٹس شامل ہوں۔

لائبریری کے لیے ایک نئے داخلی راستے اور استقبالیہ مرکز کی تعمیر - DRI تفویض: $215,000
ایک نئے قابلِ رسائی داخلی راستے اور پیدلی راستے کی فراہمی، جس میں اشارے نصب شدہ ہوں، لائٹنگ کا انتظام ہو اور اس کا منظر دلفریب ہو، ساتھ ہی ڈاؤن ٹاؤن کے کاروباروں اور تقریبات کے لیے تشہیری امواد فراہم کرنے والے خود سے چلائے جانے والے وزیٹنگ سینٹر کے لیے اندرونی جگہ بھی موجود ہو۔

<u>رہائشی اور کاروباری مواقع میں اضافہ</u>

گریفنگ ایوینیو میں کثیر الاستعمال عمارت کی تعمیر - DRI تفویض: $2,750,000
ایک نئی کثیر الاستعمال عمارت کی تعمیر جو افرادی قوت کے لیے رہائش اور ریٹیل/کمرشل جگہ پر مشتمل ہو جو کہ ایک پبلک پارکنگ سٹرکچر کی حدبندی کرے۔

نیو یارک کے ریاستی سیکرٹری Robert J. Rodriguez نے کہا، "مشہور لانگ آئیلینڈ وائن علاقے میں جاذبِ نظر ساحلوں، ایک آرائشی فنون و ثقافتی منظر اور اس کے سٹریٹیجک مقام کے ساتھ، اہم سرمایہ کاریوں کے ذریعے، ڈاؤن ٹاؤن ریورہیڈ کی دوبارہ دریافت اور اس کا ایک نیا تصور قائم کیا جا رہا ہے جو کہ کمیونٹی کے موجودہ اثاثوں کو فائدہ پہنچاتے ہیں۔ ڈاؤن ٹاؤن اور ساحلی کنارے کے درمیان چلنے کے قابل بنانے اور ربط سازی میں اضافے کے ذریعے تیزی سے ترقی پاتے ہوئے اس ٹاؤن میں یہ آٹھ نئے پروجیکٹس پہلے سے قائم زیرِ تعمیر بہتریوں کے عمل کی تکمیل کرتے ہیں، اور ایسا کثیر النسل عوامی اجتماعی مقامات کی تعمیر اور نئے کثیر الاستعمال تعمیرات کے قیام کے ذریعے کیا جاتا ہے تاکہ رہائشی اور کاروباری مواقع میں اضافہ کیا جائے، اور یہ تمام ریورہیڈ کو رہنے، کام کرنے اور سیر و سیاحت کی خاطر آنے کے لیے ایک شاندار مقام بناتے ہیں۔ میں آئندہ کئی نسلوں تک ان کمیونٹیز پر مذکورہ پروجیکٹس کے ممکنہ مثبت اثرات کو دیکھنے کے لیے انتہائی پُرجوش ہوں۔"

امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight کا کہنا تھا کہ، "ریورہیڈ میں تبدل و تغیر کے یہ پرجیکٹس ظاہر کرتے ہیں کہ DRI رابطوں کو مستحکم کرنے والی رسائی کی تخلیق کے ذریعے کمیونٹیز کو کیسے قوت بخشتا ہے۔ پیدل چلنے والوں اور سائیکل سواروں کے آنے جانے کے لیے اسے آسان بنانے کے ذریعے، اور پیکونک دریا کے مرکزی پُرکشش مقام ہونے کے طور پر، یہ لانگ آئیلینڈ کمیونٹی مزید سیاحوں، کاروباروں اور معاشی سرگرمیوں کو اپنی جانب راغب کرے گی۔"

ریاست نیو یارک گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا، "ریورہیڈ کو موصول ہونے والی آج کی آٹھ تفویضات ٹاؤن کے قدرتی اثاثوں کی بنیاد بنیں گی اور کمیونٹی کو سافک کاؤنٹی کے اندر فنون و ثقافت کے مرکز کے طور پر آگے بڑھنے میں مدد دیں گی۔ ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کے ذریعے، نیو یارک ریاست بھر کی میونسپلٹیز میں سٹریٹیجک سرمایہ کاریاں کر رہا ہے، جس کے نتیجے میں معیاری رہائشی مواقع اور مزید مستحکم مقامی معیشتوں کے ساتھ مزید متحرک اور چلنے کے قابل ڈاؤن ٹاؤنز وجود میں آئیں گے۔"

ریاستی سینیٹر Anthony Palumbo نے کہا، "مجھے خوشی ہے کہ ریورہیڈ نے اپنے ڈاؤن ٹاؤن کی تعمیرِنو کے لیے اس اہم فنڈنگ کو حاصل کیا ہے۔ پورے خطے میں اس اہم گرانٹ فنڈنگ سے معاشی ترقی کو فروغ ملے گا، جبکہ ساحلی کنارے کی مرکزی حیثیت سے کمیونٹی کا ایک اعلیٰ احساس فروغ پائے گا۔"

رکن اسمبلی Jodi Giglio نے کہا، "ریورہیڈ کا نفاذ واقعتاً شاندار تھا اور یہ منتخب ہونے کا مکمل استحقاق رکھتا تھا۔ میں پُراعتماد ہوں کہ ڈاؤن ٹاؤن ریورہیڈ تبدل و تغیر کی حامل معاشی ترقئ نو کے لیے مکمل طور پر تیار ہے۔ میں ریورہیڈ کی جانب سے اپنے مشترکہ ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اہداف کی تکمیل میں ہر ممکن طریقے سے مدد کی فراہمی کے لیے پُرعزم ہوں۔"

سافک کاؤنٹی کے ایگزیکٹیو Steve Bellone نے کہا، "سافک کے اندر، ہمارے ڈاؤن ٹاؤنز ہماری کمیونٹیز کا مرکز ہیں، اور گزشتہ چند سالوں کے دوران، ریورہیڈ نے ان کے کاروباری ڈسٹرکٹس کو قوت بخشنے اور ان کی کمیونٹیز میں ایک نئی روح پھونکنے کے لیے شاندار انداز میں کام کیا ہے۔ گورنر Hochul کی جانب سے ممکن بنائے گئے تبدل و تغیر کے یہ پروجیکٹس، ہماری احیائے نو کی جاری کوششوں کو قوت بخشتے ہیں۔"

ریورہیڈ سُپروائزر Yvette Aguiar نے کہا، "دنیا بھر میں لاکھوں افراد کے لیے، یہ 'یقین' کا موسم ہے۔ ڈاؤن ٹاؤن ریورہیڈ کے مستقبل پر 'یقین رکھنے' کے لیے گورنر Hochul آپ کا شکریہ"۔

ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام

ریاست نیو یارک کی DRI، جو کہ اس کے اقتصادی ترقی کے پروگرام کا سنگ بنیاد ہے، شہر کے قریبی علاقوں کو پُر رونق مراکز میں تبدیل کرتی ہے جو اعلیٰ معیار کی زندگی پیش کرتے ہیں اور دوبارہ ترقی، کاروبار، ملازمت کی تخلیق، اور اقتصادی اور رہائشی تنوع کے لیے مقناطیس ہیں۔ ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ، ہومز اینڈ کمیونٹی رینیوول اور NYSERDA کی مدد سے محکمۂ خارجہ کی سربراہی میں، DRI ایک بے مثال اور جدید "منصوبہ سازی-پھر-عمل" حکمتِ عملی کی نمائندگی کرتی ہے جو فوری طور پر عمل درآمد کے ساتھ تزویراتی منصوبہ بندی کو جوڑتی ہے اور اس کے نتیجے میں ٹھوس، چلنے کے قابل اندرونِ شہر بنتے ہیں جو ریاست نیو یارک کو COVID-19 عالمی وباء

کے اثرات سے اپنی معیشت کی تعمیر نو میں مدد کرنے نیز عوامی سواریوں کے استعمال کو فروغ دے کر اور نجی گاڑیوں پر انحصار کم کر کے ریاست کے جرات مندانہ موسمیاتی اہداف کو حاصل کرنے میں ایک اہم جزو ہیں۔ DRI سے متعلق مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418